PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS
MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION

Recognized By Government of Pakistan

50/1, G.T Road Opp. Govt. Degree College for Women, Wazirabad 52000 Pakistan Ph. +92-55-6602825, Fax: +92-55-6600740, P.O Box: 41 Email: pcsumea@gmail.com - web: www.pcsumea.org

**Ref: PCSUMEA/EC-11/2024** **Dated: 26-10-2024**

To,
**The all Executive Committee Members**
**PCSUMEA.**

**SUBJECT:** **2ND EXECUTIVE COMMITTEE MEETING**

Dear Sir,

It is intimated that the **2nd Executive Committee Meeting** will be held in the meeting room of Pakistan Cutlery and Stainless Utensils Manufacturers and Exporters Association Wazirabad on **Monday 28th October 2024** at **2:30 (pm)** under the supervision of **Chairman.**

We request to all the Executive Committee members to attend the meeting at the specified date and time.

**AGENDA OF THE MEETING IS AS UNDER:-**

1. Recitation of the Holy Quran.
2. Approval of 1st Executive Meeting Minutes.
3. Briefing about Meeting with PBIT, SMEDA & TDAP.
4. Briefing & consultative session on recent post-election complaint filed before DGTO.
5. Sectoral Skills Mapping Survey of Trade Association in Pakistan by NAVTTC.
6. Any other point will be discussed by the permission of Chairman.

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

# 2nd EC MEETING MINUTES 28-10-2024

پاکستان کٹلری اینڈ سٹین لیس یوٹینسلز مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹر ایسو سی ایشن وزیر آباد کی دوسری ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ مورخہ 28 اکتوبر 2024 زیر صدارت جناب چیئرمین محمد جمال بھٹہ صاحب میٹنگ ہال میں منعقد کی گئی۔ سیکرٹری جنرل صاحب نے میٹنگ کورم مکمل ہونے کے بعد چیئرمین صاحب سے کہا کہ میٹنگ کا باقاعدہ آغاز شروع کر سکتے ہیں۔

## RECITATION OF HOLY QURAN

میٹنگ کا باقاعدہ آغاز چیئرمین صاحب نے تلاوت قران پاک سے کیا گیا۔

## APPROVAL OF 1ST EXECUTIVE COMMITTEE MEETING MINUTES

چیئرمین صاحب کی اجازت سے سیکرٹری صاحب نے پہلی ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ کے منٹس کی اپروول کے لیے منٹس کی کاروائی تمام ایگزیکٹو ممبران کے ساتھ واٹس ایپ گروپ میں شئیر کی اور ایک ایک پیراپڑھ کے سنایا اور بریف بھی کیا کہ اگر اس میں کچھ تبدیلی کرنی ہے تو مجھے بتادیں ایگزیکٹو کمیٹی نے کہا کہ ہم سب اس کی اپروول دیتے ہیں۔ اس کے بعد ایگزیکٹو کمیٹی ممبرز نے ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منٹس کی اپروول دے دی۔

## BRIEFING ABOUT MEETING WITH PBIT, SMEDA & TDAP

### PBIT

سینیئر وائس چیئرمین حبیب اللہ صاحب نے چیئرمین صاحب کی اجازت سے ہاؤس کو بتایا کہ 22 اکتوبر 2024 کو ایسو سی ایشن سے ایک وفد چیئرمین صاحب کی قیادت میں PBIT سے میٹنگ کرنے گیا۔ یہ میٹنگ بریگیڈیئر (ر) محترم بابر علاؤالدین صاحب (MI) (SI) چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ آف ایویلیوایشن، فیڈبیک، انسپیکشن اور مانیٹرنگ صاحب کی درخواست پر بلائی گئی PBIT کا مقصد انڈسٹری اور تجارت کو فروغ دینا ہے۔ بیرون ملک تعینات پاکستان کے تجارتی اور سرمایہ کاری کے افسران کے ساتھ ساتھ متعلقہ سفارت خانوں کے تعارف کی سہولت فراہم کرنا ہے۔ ہمارے سیکٹر کو ایک بین الاقوامی پلیٹ فارم کے طور پر پیش کریں وفود اور نمائشوں کے حوالے سے PBIT کی مدد چاہتے ہیں۔ خاص طور پر ہماری ٹارگٹ مارکیٹوں جیسے کہ امریکہ، نیدرلینڈ، فرانس اور برطانیہ ہے۔ PBIT ہمیں صوبائی اور وفاقی محکموں کے ساتھ ساتھ سفارت خانوں کے ساتھ رابطہ قائم کرنے میں تعاون کرے۔

PBIT کے تعاون اور ہماری اجتماعی کوششوں سے کٹلری کے شعبے کو نمایاں طور پر ترقی دی جاسکتی ہے۔ PBIT نے ہمیں مکمل تعاون کی یقین دہانی کروائی ہے۔

### SMEDA

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION G.T. ROAD WAZIRABAD



Scanned with CamScanner

سنیئر وائس چیئر مین صاحب نے 25 اکتوبر 2024 کو گوجرانوالہ بزنس سینٹر میں ایک میٹنگ کا انعقاد کیا۔ اس میٹنگ میں SMEDA چیف پنجاب کے ساتھ 20 سرکاری محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔ یہ سیشن کٹلری کے شعبے کو درپیش بنیادی چیلنجوں سے نمٹنے اور رہنمائی فراہم کرنے کے لیے بھی کیا گیا تھا۔ جہاں ای کامرس اور مٹیریل ٹیسٹنگ سے متعلقہ امور پر بات کی گئی۔

## TDAP

سنیئر وائس چیئر مین صاحب نے بتایا کہ TDAP سے کیلنڈر ائیر 2024 تا 2025 میں شامل وفود اور نمائشوں کے حوالے سے ڈاکٹر زین العابدین سے بات چیت جاری ہے۔ ڈائریکٹر جنرل TDAP سیالکوٹ خالد رسول صاحب کو ہمارے سیکٹر کی کافی انڈرسٹینڈنگ ہے۔ وہ ہمارے سیکٹر کے لیے کافی کچھ کرنا چاہتے ہیں۔ ایسوسی ایشن کا ایک وفد TDAP آفس سیالکوٹ میٹنگ کرنے کے لئے گیا جس کے مطابقامریکہ بلیڈ شو 2025 کے حوالے سے ہاؤس کو بتایا گیا کہ امریکہ میں موجود پاکستانی سفارت خانے نے امریکہ میں بلیڈ شو سٹال کی بکنگ کے حوالے سے ای میل کی لیکن بلیڈ شو امریکہ مینجمنٹ نے کوئی خاطر خواہ جواب نہیں دیا۔ ہم اس بلیڈ شو کو امریکہ ڈیلیگیشن کے ساتھ تبدیل کروا رہے ہیں اور اس حوالے سے ہم نے ایک پروپوزل ڈائریکٹر جنرل TDAP سیالکوٹ خالد رسول صاحب کو میل کی ہے۔

سنگل کنٹری نمائش جدہ سعودی عرب میں 5-7 فروری کو ہونے جارہی ہے TDAP نے اس میں سٹالز بک کرنے کی گذارش کی ہے۔ ہم نے TDAP سے اس کی بکنگ فیس کو سبسیڈائزڈ کرنے اور کٹلری سیکٹر (ٹیبل ویئر اور نان ٹیبل ویئر) کی مکمل پروڈکٹس کو لے جانے کی گذارش کی ہے۔ اس حوالے سے ایک علیحدہ پروپوزل TDAP کو میل کی ہے۔

اس کے علاوہ گلوبل ویلیج سے متعلق بات کی گئی جو TDAP کے پلان کا حصہ ہے۔

کینٹن فیئر 2025 چائنہ کے حوالے سے ہاؤس کو بتایا کہ چائنہ ہنٹنگ نائف کے حوالے سے سب سے بڑی مارکیٹ اور انڈسٹری ہے۔ انشاءاللہ ہم 2025 کے کینٹن فیئر میں حصہ لینے کے لیے TDAP کے ساتھ رابطے میں ہے۔

## BRIEFLY & CONSULTATIVE SESSION ON RECENT POST-ELECTION COMPLAINT FILED BEFORE DGTO

اس کیس کے حوالے سے چیئر مین صاحب نے سنیئر وائس چیئر مین سے درخواست کی کہ وہ ہاؤس کو اس کے بارے میں بتائیں سنیر وائس چیئر مین صاحب نے بتایا کہ یہ پوسٹ الیکشن کمپلینٹ شاہد سرفراز سرور نے فائل کی ہے۔ ایسوسی ایشن نے اس سال شاہد سرفراز سرور کی ممبرشپ ڈیوٹو نان کمپلائنس آف کینڈیڈاڈ ڈیلیگیشن کی وجہ سے روک دی گئی تھی۔ دو ممبرز کی ممبرشپ کی تجدید کو روک دیا گیا بعد میں یہ ممبرز الیکشن میں حصہ بھی نہ لے سکے۔ DGTO کا آرڈر نمبر 36 بتاریخ 28 اگست 2024 کو جاری ہوا تھا۔ یہ آرڈر ایسوسی ایشن کی فیور میں نہیں تھا۔ جس کے خلاف ایسوسی ایشن فیڈرل سیکرٹری کامرس کے پاس اپیل میں چلی گئی کہ اس آرڈر کو معطل کیا جائے۔ بعد میں ایسوسی ایشن نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں DGTO کے فیصلے کے خلاف مقدمہ درج کر دیا اور 18 ستمبر 2024 کو اس فیصلے پر سٹے آ گیا۔

اب جو درخواست آئی ہے یہ ٹریڈ ارگنائزیشن ایکٹ 2013 کے سیکشن (iii) f 14 کے تحت فائل کی گئی ہے۔ یہ درخواست الیکشن کے آفیشل رزلٹ کے بعد 30 دن کے اندر DGTO کے پاس داخل کر سکتے ہیں۔ اور اس کی سرکاری فیس 50 ہزار روپے بنتی ہے۔ اس



PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION WAZIRABAD

Scanned with CamScanner

درخواست میں شاہد سرفراز سرور نے موجودہ الیکشن کو کالعدم قرار دینے کی استدا کی ہے اور نئے الیکشن کروانے کا بھی ذکر کیا ہے۔ ہم اس لیٹر کا جواب اپنے لیگل ایڈوائزر سے تیار کروا کر DGTO آفس بھیج دیں گے۔

**SECTORAL SKILLS MAPPING SURVEY OF TRADE ASSOCIATION IN PAKISTAN BY NAVTTC**

سیکٹورل سکل میپنگ کے حوالے سے سنیئر وائس چیئرمین صاحب نے بتایا کہ NAVTTC اسلام آباد ایک سروے کرنا چاہتا ہے۔ جس میں ایسوسی ایشن کے 10 انڈسٹری کے لوگ / ممبرز شامل ہوں گے۔ وہ ایسوسی ایشن میں باقاعدہ طور پر ایک سیشن کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نے یہ سروے ایگزیکٹو کمیٹی گروپ میں شیئر کر دیا ہے۔ آپ تمام ایگزیکٹو کمیٹی ممبران سے گزارش ہے کہ اس کو تسلی سے پڑھ لیں تاکہ بعد میں NAVTTC اسلام آباد کو یہاں آنے کی آفیشل میل کی جا سکے۔ اس سروے کا مقصد ہے کٹلری سیکٹر کی سکل میپنگ کرنا ہے۔

**OTHER POINTS**

**ورکنگ کمیٹیوں کا قیام**

کمیٹیوں کے قیام کے حوالے سے ہاؤس کو بتایا گیا کہ اس کے لیے ایک لائحہ عمل تیار کر لیا گیا ہے اس دفعہ کمیٹیاں صرف برائے نام نہیں ہوں گی۔ آپ کو کام کرنا پڑے گا۔ تمام کمیٹیوں کے TOR's تیار کیے گئے ہیں۔ ایک روڈ میپ بنایا گیا ہے۔ روڈ میپ سے آپ تمام کمیٹیوں کا کام آسانی سے سرانجام دے سکیں گے۔ ہم نے اس دفعہ 11 کمیٹیاں بنائی ہیں اور ان کی ڈرافٹنگ اور TOR's آپ کے ساتھ شیئر کر دیے ہیں ۔ ہم تمام ایگزیکٹو ممبرز ان کو چیک کر لیں۔ انشاء اللہ اگلے ایک ہفتے کے اندر تمام کمیٹیوں کے نوٹیفکیشن کر دیے جائیں گے۔

تیمور ارشد میر ایگزیکٹو ممبر نے چیئرمین کی اجازت سے بتایا کہ 23 اکتوبر 2024 کو سیالکوٹ چیمبر آف کامرس نے FTR کے حوالے سے ایک میٹنگ کی تھی۔ ہمیں سیالکوٹ چیمبر کے ساتھ مل کر ایک MOU سائن کرنا چاہیے اور اس کے لیے ایک علیحدہ سے کمیٹی بنا دیں جو سیالکوٹ چیمبر کی میٹنگ میں شرکت کر سکے اور اس کمیٹی میں جو ایگزیکٹو ممبر سیالکوٹ سے ہیں ان کو بھی شامل کر لیں۔ چیئرمین صاحب نے بتایا کہ ایسوسی ایشن کو بھی اس میٹنگ میں شرکت کرنے کی دعوت دی گئی لیکن اس دن ہماری PBIT سے میٹنگ تھی۔ ہم انشاء اللہ ضرور اس کمیٹی کے قیام پر غور کریں گے اور اس کے ساتھ سیکرٹری صاحب کو ہدایت جاری کی کہ آپ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کو ای میل کر کے اس میٹنگ کے منٹس منگوائیں۔

آخر میں چیئرمین صاحب نے میٹنگ میں شامل ہونے والے ایگزیکٹو ممبران کا شکریہ ادا کیا اور اس کے ساتھ میٹنگ برخاست ہو گئی۔

Issued on dated: 11-11-2024

SECRETARY GENERAL
PAKISTAN CUTLERY ASSOCIATION
WAZIRABAD

PAKISTAN CUTLERY & STAINLESS UTENSILS MANUFACTURERS & EXPORTERS ASSOCIATION
G.T.ROAD WAZIRABAD



Scanned with CamScanner